09/04/2025

12.30 PM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ اشفاق امین سے خبریں سُنئے

وزیر داخلہ

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے سرینگر میں کل افسروں کی ایک میٹنگ کے دوران جموں کشمیر کے ترقیاتی منظر نامے کا تفصیلی جائزہ لیا ۔ انہوں نے کہا کہ نریندر مودی سرکار ایک ترقی یافتہ جموں کشمیر کی تعمیر کے لئے پورے عزم کے ساتھ کام کر رہی ہے ۔

انہوں نے کہا کہ گزشتہ چند برس کے دوران جموں کشمیر میں ہر سیکٹر میں ترقی ہوئی ہے جس کی بدولت یہاں کے مجموعی ترقیاتی منظر نامے میں قابل قدر تبدیلی آئی ہے ۔ میٹنگ میں لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا، وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نیز انتظامیہ کے دیگر سینئر آفیسر بھی موجود تھے ۔

وزیر داخلہ نے کل ہی یونیفائڈ ہیڈ کوارٹر کی میٹنگ کی بھی صدارت کی ۔ اس موقعہ پر انہوں کہا ہے کہ وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت والی سرکار جموں کشمیر میں دائمی امن کے لئے کمر بستہ ہے ۔ میٹنگ میں انتظامیہ اور سراغ رساں اور سیکورٹی ایجنسیوں کے سینئر عہدیداران بھی موجود تھے ۔

بھارتیہ چناو کمیشن

بھارتیہ چناو کمیشن کی طرف سے بڈگام اور نگروٹہ اسمبلی حلقوں میں ضمنی چناو کے لئے خصوصی سمری رویژن کا آغاز ہو گیا ہے ۔

جموں کشمیر کے چیف الیکٹورل آفیسر پی کے پولے نے اِن دونوں حلقوں میں تمام اہل رائے دہندگان سے کہا ہے کہ وہ ووٹر فہرستوں میں اپنی تفصیلات کی تصحیح کرائیں۔

اس سلسلے میں دعووں اور اعتراضات کو دو مئی تک حل کیا جائے گا جبکہ حتمی چناوی فہرست پانچ مئی کو مشتہر کی جائے گی ۔

جتیندر سنگھ

وزیر اعظم کے دفتر میں وزیر مملکت ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے کہا ہے کہ 19 اپریل جموں کشمیر کی تاریخ کا ایک یاد گار دن ہو گا کیونکہ اس روز ملک کے وزیر اعظم نریندر مودی سب سے اونچے ریلوے پُل یعنی چناب Bridge کا افتتاح کریں گے۔

اس سلسلے میں انہوں نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں کہا ہے کہ یہ پل نئے بھارت کی انجینئرنگ کا ایک شاہکار ہے ، جس سے نہ صرف رابطہ اُستوار ہو گا بلکہ سیاحت اور تجارت کو بھی زبردست فروغ ملے گا۔

مدرا یوجنا

وزیر اعظم نریندر مو دی نے کہا ہے کہ پر دھان منتری مدرا یوجنا لوگوں کی زند گیوں میں مثبت بدلاؤ لانے اور ا ن کے خوابوں کو شرمندہ تعبیر کرنے میں کامیاب ہوئی ہے۔واضح رہے کہ پر دھان منتری مدرا یوجنا فلیگ شپ سکیم کے 10سال مکمل ہو گئے ہیں۔

ملکی سطح کے ساتھ ساتھ جموں کشمیر میں بھی پر دھان منتری مدرا یوجنا کے تحت قرضوں کی واگذاری میں نمایاں پیش رفت حاصل ہوئی ہے اور اس حوالے سے جمونو کشمیر کو تمام یوٹیز میں پہلا مقام حاصل ہے۔

پوشن پکھواڑہ

دریں اثناءخواتین اور بچوں کی ترقی کی وزارت نے پوشن پکھواڑے کے ساتویں شمارے کا آغاز کیا ہے ۔ اس ملک گیر مہم کا مقصد تغذیہ کی کمی پر قابو پاتے ہوئے ایک صحت مند طرز زندگی کا فروغ ہے ۔

یہ ملک گیر مہم آٹھ اپریل سے شروع ہو کر 22 اپریل تک جاری رہے گی جس دوران پورے ملک میں مقوی غذا کے استعمال پر توجہ مرکوز رہے گی ۔

جل جیون مشن

جل جیون مشن کے ڈائریکٹر خورشید احمد شاہ نے جل شکتی کے تمام ڈویژنوں کے افسروں سے کہا ہے کہ وہ کل یعنی دس اپریل تک انٹگریٹڈ منیجمنٹ انفارمیشن سسٹم اور پبلک Financial منیجمنٹ سسٹم پر اخراجات کے میلان کا کام مکمل کریں۔

ڈویژنوں کے افسروں کی ایک میٹنگ میں کارگزاری کا PHE وہ سول سیکریٹریٹ سرینگر میں کشمیر صوبے کے سبھی جائزہ لے رہے تھے۔

ج

ضلع بارہمولہ کے عازمین حج کے لئے 12 اپریل کو مناسک حج سے متعلق ایک تربیتی پروگرام کا اہتمام ہے ۔ ضلع کے عازمین کو اطلاع کی گئی ہے کہ وہ 12 اپریل کو صبح دس بجے مسجد امیر شاہ بارہمولہ میں حاضر ہو جائیں ۔

اننت ناگ کے عازمین حج کے لئے بھی کل یعنی 10 اپریل کو مناسک حج سے متعلق ایک تربیتی پروگرام کا اہتمام ہے ۔ اس سلسلے میں ضلع کے عازمین سے کہا گیا ہے کہ وہ کل صبح ساڑھے دس بجے گورنمنٹ وومن ڈگری کالج اننت ناگ میں حاضر ہو جائیں۔

ڈپٹی کمشنر کپواڑہ

ڈپٹی کمشنر کپواڑہ آیوشی سدن نے ضلع سطح کی جائزہ کمیٹی کی ایک میٹنگ کے دوران مختلف سرکاری سکیموں کے صد فیصد احاطے سے متعلق متعلقہ محکموں اور بنکوں کی کارکردگی کا جائزہ لیا ۔

انہوں نے متعلقہ افسروں اور بنکوں کے عہدیداروں سے تاکید کی کہ وہ مرکزی معاونت والی سکیموں کے فوائد زیادہ سے زیادہ لوگوں خاص طور پر پسماندہ طبقوں تک پہنچانے کے لئے مالی شمولیت کے ذریعے مدد کریں ۔

ڈپٹی کمشنر بانڈی پورہ

ڈپٹی کمشنر بانڈی پورہ منظور احمد قادری کی صدارت میں ضلع سطح کی آدھار مانیٹرنگ کمیٹی کی ایک میٹنگ منعقد ہوئی ، فعال آدھار مراکز ، بائیو میٹرک اپڈیٹ اور آدھار پر مبنی جنم Saturation ۔ میٹنگ میں عمر کے مختلف زمروں میں آدھار کے اندراج جیسے امور کا جائزہ لیا گیا ۔

ڈپٹی کمشنر بڈگام

Khanij Kshetra ڈپٹی کمشنر بڈگام اکشے لابرو کی صدارت میں ضلع منرل فنڈ کی ایک میٹنگ کے دوران پردھان منتری کلیان یوجنا کے تحت منظور شدہ کاموں کی پیش رفت کا جائزہ لیا گیا ۔

اس موقعہ پر جانکاری دی گئی کہ اس سکیم کے تحت ہیلتھ ، تعلیم ، بجلی اور جل شکتی جیسے اہم شعبوں میں تین کروڑ 27 لاکھ روپے سے زائد کے کام در دست لئے گئے ہیں۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ